دفتر رسالہ محدث دہلی — رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۲۰۴

خریداری چٹ ۵۶۳

بخدمت جناب مولوی سید رفیع الدین احمد صاحب
سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب)

# روح اخبار

(از مولوی عابد حسین صاحب گیاوی)

(استنبول) ترکی اور برطانیہ کے مابین ایک تجارتی معاہدہ ہوا ہے جسکالب لباب یہ ہے کہ برطانیہ جو مال ترکی میں بھیجے وہ اتنا نہ ہو کہ ترکی کے بھیجے ہوئے مال کے ستر فیصدی زیادہ ہو جائے۔ اگر اس کی خلاف ورزی ہوئی تو برطانیہ کا زیادہ مال بھیجا ہوا کرنسی نوٹوں کی صورت میں ترکی جمہوریہ کے مرکزی بنک میں جمع رہیگا۔ لیکن اگر ترکی کے مال کی برآمد زیادہ ہوئی تو ترکی سرمایہ کی حرکت بند نہیں ہوگی +

حجاز اور عراق کے مابین اقتصادی حالت سلجھانے کے لئے ایک وفد عنقریب حجاز سے عراق آنے والا ہے تاکہ خشکی کے راستے سے عراق و حجاز کے درمیان تجارتی حمل ونقل میں سہولیت پیدا کرنے کی کوشش کرے معلوم ہوا ہے کہ حجاز و عراق میں لاسلکی نشر گاہیں بھی قائم ہوں گی +

سلطان ابن سعود کے ولی عہد امیر سعود آج کل فرنگ کی سیاحت کر رہے ہیں آپ کو امام مسجد لندن کی طرف سے ایک شاندار دعوت چائے دی گئی جس میں لندن کے بیشتر مسلمانوں نے شرکت کی دعوت میں ولیعہد نجد و حجاز نے ترجمان کی وساطت سے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مکہ میں ابھی تک صرف مذہبی مدارس ہی جاری تھے لیکن حکومت کا ارادہ ہے کہ اب جدید طرز کا ایک مدرسہ قائم کیا جائے جس میں مختلف زبانوں کی تعلیم موجودہ طریقہ پر دی جائیگی +

ایران میں اب تک گھوڑ دوڑ کا کوئی خاص انتظام نہ تھا معلوم ہوا ہے کہ حکومت ایران نے شیراز میں ایک وسیع گھوڑ دوڑ کا میدان قائم کیا ہے جہاں پہلی مرتبہ گھوڑ دوڑ ہوئی ہے۔

ہندوستان کے بعض اضلاع میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے قحط سالی کے آثار ظاہر ہو رہے تھے اب معلوم ہوا ہے کہ بارش اس قدر ہوئی ہے کہ سیلاب آگیا ہے (یہ بھی خدا کی قدرت ہے)۔

بعض اضلاع میں ہیضہ کی بھی شکایت ہے خصوصیت کے ساتھ بہار کا علاقہ چند سال سے مصیبتوں میں گھرا ہوا ہے۔ خدا اپنا فضل کرے آمین

ترکی۔ ایران۔ عراق میں اب انگریزی ٹوپی (ہیٹ) کا رواج بہت عام ہو رہا ہے بلکہ اول الذکر دونوں ملکوں میں تو سرکاری طور پر اس کا اجرا کیا گیا ہے۔ اور ترکی وایران میں تو مذہبی پیشواؤں کو عوام سے الگ کسی خاص ممتاز لباس پہننے کی بھی قانوناً ممانعت کر دی گئی ہے۔

اٹلی اور حبش میں زبردست جنگی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ خطرہ ہے کہ یہ جنگ عالمگیر جنگ کا پیش خیمہ نہ بنجائے۔

—— ❖ ——

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پروپرائیٹر پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا ہے۔